ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (227)

مورخہ 17/04/2023

## بہاولپور(        )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن۔02روز میں مختلف مقدمات میں 12ملزمان گرفتار۔90لیٹر دیسی شراب،03 کلوگرام سے زائد چرس اور اسلحہ ناجائز برآمد،منظّم جرائم کا خاتمہ شہریوں کے جان و مال کی حفاظت کا ضامن ہے۔ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایات کی روشنی میں متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے منشیات اور اسلحہ ناجائز برآمد کر لیا۔تھانہ عباسنگر پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے 02ملزمان محمد جواد اور مراتب علی کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 90لیٹر دیسی شراب برآمد کر لی۔تھانہ قائمپور،سٹی احمد پور شرقیہ،اوچشریف اور صدر حاصلپور پولیس نے منشیات فروشی کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے 05ملزمان محمد افضل ،الیاس داد پوترا،عمران عرف وکی،محمد نعیم اور محمد ندیم کو گرفتار کرتے ہوئے قبضہ سے 3 کلو 190 گرام چرس برآمد کر لی۔ تھانہ ڈیراور ، دھوڑکوٹ اور بغدادالجدید پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 03ملزمان محمد لطیف،عثمان فاروق اور اللہ ڈتہ کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 03عدد پسٹل 30بور برآمد کر لیے۔اس کے علاوہ تھانہ دھوڑکوٹ پولیس نے قمار بازی ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے پر جوا کھیلتے ہوئے 02ملزمان محمد دلشاد وغیرہ کو گرفتار کر کے انکے قبضہ سے داؤ پر لگی رقم برآمد کر لی۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر لیے گئے۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی،معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے۔منظّم جرائم کا خاتمہ ہی شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کا ضامن ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور:پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری،02روز میں 12ملزمان گرفتار

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (228)

17-04-2023

**بہاولپور(        )پولیس کی جانب سے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے مشکوک اشخاص وگاڑیوں کی چیکنگ کا سلسلہ جاری، ماہ اپریل 2023 کے پہلے 15 دنوں میں بہاولپور پولیس نے 16179 مشکوک افراد کی چیکنگ۔ مجرمان اشتہاری گرفتار۔ 4544 مشکوک وہیکلز کی چیکنگ۔7 مطلوب وہیکلز ضبط۔ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے جرم کو ہونے سے پہلے روکا جاسکتا ہے۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیل کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی ہدایت پر جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کا سلسلہ جاری ہے۔ ماہ اپریل 2023 کے پہلے 15 دنوں میں بہاولپور پولیس نے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے چیکنگ کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے، جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے مشکوک افراد اور مشکوک گاڑیوں کی چیکنگ جاری ہے، دوران چیکنگ 16179 مشکوک لوگوں کو چیک کیا جس کے تناظر میں مجرمان اشتہاری کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 7 مجرمان اشتہاری اور 4 عدالتی مفرران کو بھی گرفتار کرلیا۔ جبکہ کل 4544 مشکوک گاڑیوں کو چیک کیا گیا جس پر 7 گاڑیوں کا سراغ لگا کر انکو ضبط کیا گیا۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے پولیس افسران کو ہدایات جاری کیں کہ روزانہ کی بنیاد پر ایسی کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے، جدید تکنیکی استعارات کا استعمال جرم کو ہونے سے پہلے روک سکتا ہے۔ جرائم پیشہ افراد کی نقل وحرکت کو مانیٹر کیا جا کر انکو انجام تک پہنچایا جائے جس کے وہ مستحق ہیں۔ وہی آفیسر میرا فیورٹ ہے جو پریکٹیکل پولیسنگ میں برتری لے گا اور جو کوئی آفیسر ٹائم پاس کرے گا اس کو کسی ذمہ دار سیٹ پر رہنے کا حق نہیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور:پولیس کی جانب سے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے مشکوک اشخاص وگاڑیوں کی چیکنگ کا سلسلہ جاری